عقد ثریا

(تذکرہ فارسی گویاں)

تالیف

غلام ہمدانی مصحفی

مرتبہ

بابائے اردو ڈاکٹر مولوی عبدالحق

★

شائع کردہ

انجمن ترقی اردو پاکستان

بابائے اردو روڈ۔ کراچی نمبر۱

عقدِ ثریّا

(تذکرہ فارسی گویاں)

تالیف

غلام ہمدانی مصحفی

مرتبہ

بابائے اردو ڈاکٹر مولوی عبدالحق

شائع کردہ

انجمن ترقی اردو پاکستان، بابائے اردو روڈ۔ کراچی - ا

سلسلۂ مطبوعات انجمن ترقی اردو پاکستان، ۴۰۲

طبع اول : ۱۹۳۴ء
طبع دوم : ۱۹۷۸ء
تعداد : پانچ سو
قیمت : پانچ روپے

مطبوعہ : انجمن پریس ۔ نشتر روڈ کراچی

ناشر

انجمن ترقی اردو پاکستان
بابائے اردو روڈ ۔ کراچی نمبرا

جمیل الدین عالی
معتمد اعزازی

حرفے چند

مصحفی کا تذکرہ شعرائے فارسی موسومہ "عقدِ ثریا" ۱۹۳۴ء میں انجمن ترقی اردو، اورنگ آباد (دکن) سے شائع ہوا تھا۔ نہیں معلوم کن اسباب کی بناء پر مصنّف تذکرہ کے علاوہ کسی اور کا کلام، نمونے کے طور پہ پیش نہیں کیا گیا تھا۔ اب اشاعتِ ثانی کی نوبت آئی تو متن پر نظرِ ثانی کے ساتھ شامل تذکرہ شعرا کے کلام کا کچھ نمونہ دستیاب تذکروں سے ذیلی حواشی میں درج کر دیا گیا ہے۔ ہم یہ تو نہیں کہہ سکتے کہ شعرا کا جو کلام نمونے کے طور پہ حواشی میں درج کیا گیا ہے وہ وہی ہے جو تذکرے کے اصلی نسخے میں تھا۔ البتہ ان اشعار سے ان شعرا کے کلام کا تھوڑا بہت اندازہ ہو سکتا ہے۔ قارئین کو اگر زیادہ کلام دیکھنا مقصود ہو تو محوّلہ تذکروں سے مل سکتا ہے۔

موجودہ اشاعت کی ترتیب اور کلام کے انتخاب کے لیے ادارہ جناب افسر صدیقی صاحب کا ممنون ہے۔

فہرست

مقدمہ

اُردو شاعری کا ستارہ اُس وقت چمکا جب کہ سلطنت مغلیہ کا آفتابِ اقبال گہنا رہا تھا۔ رفتہ رفتہ شاعری ایک پیشہ ہو گئی اور اُس عہد کے باکمال سخنور اپنے متاعِ ہُنر کو دربدر لئے پھرتے تھے کہ شاید کوئی قدردان مل جائے۔ مصحفی ان سب میں زیادہ بدنصیب تھا۔

نام غلام ہمدانی ولد ولی محمد ابن درویش محمد، مصحفی تخلص[1]، وطن امروہہ اور مولد اکبر پور[2]۔ مولانا حسرت موہانی نے اپنے تذکرے میں سنہ پیدائش ۱۱۶۴ھ لکھا ہے لیکن یہ صحیح نہیں معلوم ہوتا۔ مصحفی اپنے تذکرہ ریاض الفصحا میں اپنے حالات کے آخر میں لکھتے ہیں کہ اس وقت میری عمر ۸۰ برس کی ہے۔ یہ تذکرہ ۱۲۲۱ھ میں شروع ہوا اور ۱۲۳۶ھ میں اختتام کو پہنچا۔ اس حساب سے اُن کی پیدائش ۱۱۴۱ھ اور ۱۱۵۶ھ کے درمیان واقع ہوتی ہے۔

ابتدائی تعلیم مکتب میں امروہہ ہی میں ہوئی اس کا اشارہ انہوں نے سید محمد زمان زماں تخلص ساکن امروہہ کے حال میں کیا ہے[3]۔ اسی ضمن میں اپنے استاد کا بھی ذکر کر گئے ہیں لیکن نام نہیں لکھا۔ اصل تعلیم دلّی میں ہوئی۔ چنانچہ ریاض الفصحا میں لکھتے ہیں کہ فارسی اور اُس کی نظم و نثر کی تکمیل تیس سال کی عمر میں شاہجہاں آباد میں ہوئی۔ جن دنوں میں جلاوطن ہو کر اس دیار میں تازہ تازہ پہنچا تو علم عربی یعنی طبیعیات، الہیات اور ریاضی مولوی مستقیم ساکن گوپامئو شاگرد مولوی حسن خواجہ تاش مولوی مبین عالم العلما سے حاصل کی اور میبذی اور صدرا پڑھا۔ قانونچہ کا درس مولوی منظہر علی سے لیا جو صرف و نحو میں اپنا نظیر نہ رکھتے تھے۔ آخر عمر میں عربی ادب اور تفاسیر

---

(۱) تذکرہ ہندی گویان صفحہ ۲۴۷۔

(۲) تذکرہ میر حسن صفحہ ۱۹۰۔

(۳) تذکرہ ہندی گویان صفحہ ۱۱۰۔ نیز دیکھو صفحہ ۲۲۷ حال محزون و صفحہ ۱۲۸۔ حال شہید۔ (تذکرہ ہندی گویان)

قرآن مجید کا مطالعہ کیا۔ لکھتے ہیں کہ عربی سے نابلد ہونے کا جو نقص تھا وہ میں نے اس شہر میں پہنچ کر رفع کر دیا۔ دوسرا نقص علمِ عروض و قافیہ کی ناواقفیت تھی۔ اس کی تلافی بھی میں نے چند روز میں اساتذہ کی تصانیف کا مطالعہ کر کے کر لی اور خود اس فن میں ایک رسالہ لکھا جس کا نام "خلاصۃ العروض" تھا۔

مصحفی نے اپنے استاد کا کہیں نام نہیں بتایا اور نہ کہیں اس کا ذکر کیا ہے۔ کسی اور تذکرے میں بھی اُس کا نام و نشان نہیں ملتا۔ البتہ صاحب "سراپا سخن" نے اُن کے اُستاد کا نام امانی لکھا ہے[1]۔ لیکن یہ نہ معلوم ہوا کہ یہ کون تھے، کہاں کے رہنے والے تھے اور کس قماش کے شخص تھے۔

اس پر سب تذکرہ نویسوں کا اتفاق ہے کہ ابتدائے شباب ہی میں وہ دلّی چلے آئے تھے اور وہیں اُن کی تعلیم و تربیت ہوئی اور وہیں اُن کی شعر و شاعری چمکی۔ دلّی سے انہیں خاص محبت تھی، اس کا ذکر اپنے تذکرہ میں جگہ جگہ بڑے شوق سے کرتے ہیں۔ وہاں کے مشاعروں، ملاقاتوں اور یارانِ عزیز کا ذکرِ خیر آپ اس تذکرے میں جا بجا پائیں گے۔

دلّی کہیں ہیں جس کو زمانے میں مصحفی　　میں رہنے والا ہوں اُسی اُجڑے دیار کا

یہ وہ زمانہ تھا کہ گئی گذری حالت پر بھی دلّی کا ہونا یا دلّی سے منسوب ہونا یا وہاں کی بود و باش، تہذیب و شائستگی اور زباندانی کا تمغہ سمجھی جاتی تھی۔ اسی بنا پر تو انہوں نے اپنے بعض حریفوں پر چوٹ کی ہے۔

بعضوں کا گماں یہ ہے کہ ہم اہلِ زباں ہیں　　دلّی نہیں دیکھی ہے زباندان یہ کہاں ہیں

مصحفی نے اپنے بزرگوں کا پیشہ "نوکریِ خانۂ بادشاہ" لکھا ہے۔ لیکن جب سلطنت کے کاروبار میں خلل واقع ہوا تو ان کا روزگار بھی درہم برہم ہو گیا۔ میر حسن اپنے تذکرے میں لکھتے ہیں کہ ان کی بسر اوقات تجارت[2] پر تھی۔ مصحفی نے اپنے حال میں اس کا کہیں ذکر نہیں کیا لیکن

---

(۱) ص ۵۴۔

(۲) تذکرہ میر حسن صفحہ ۱۹۰۔ سبز نگر نے بھی بحوالہ عشقی اس کی تائید کی ہے۔

دلی کے قیام کے ذکر میں جو چند جملے ضمناً اُن کی قلم سے نکل گئے ہیں اس سے یہ قیاس ہوتا ہے کہ امیر حسن کا خیال صحیح ہے کہ اُس زمانے میں اُن کی گزران تجارت ہی پر تھی لکھتے ہیں۔

"میں شاہجہان آباد میں بارہ سال تک دور نواب نجف خان مرحوم میں گوشہ عزلت میں رہا اور اس افراتفری کے زمانے میں تلاشِ معاش کے لئے کسی کے دروازے پر نہیں گیا۔"[1]

اس سے قیاس ہوتا ہے کہ دلی میں وہ اپنی معاش اپنے دست و بازو سے کماتے تھے اور کسی کے دستِ نگر نہ تھے۔

اگرچہ بقول خود وہ دہلی میں بارہ سال تک عزلت گزیں رہے لیکن اس پر بھی مشاعروں کی شرکت، شعر و شاعری کا چرچا برابر جاری رہا اور خود بھی اپنے ہاں مشاعرے ترتیب دیتے رہے[2] اور اُس وقت بھی اُن کی شاعری اس درجے کی سمجھی جاتی تھی کہ لوگ اُن کے شعر سننے کے لئے اُن کے مکان پر حاضر ہوتے تھے۔[3]

دلی کا رنگ بدلا ہوا تھا، حالات نامساعد تھے۔ بسر اوقات کے ذرائع تنگ ہو رہے تھے، ناچار اپنے دوسرے معصروں کی طرح دل پر پتھر رکھ کر دلی کو خیرباد کہا اور وادیٔ غربت میں قدم رکھا۔ دلی کی حالت اُس وقت کیسی ہی ہو، اُس کا چھوڑنا کچھ آسان نہ تھا۔ وطن تو خیر سب ہی کو عزیز ہوتا ہے مگر اس میں کچھ ایسی کشش تھی کہ باہر سے بھی جو لوگ وہاں آ گئے تھے انہیں وہ وطن سے زیادہ عزیز ہو گئی تھی۔ پیٹ بڑا ظالم ہے اُس کی خاطر یہ مفارقت بھی گوارا کرنی پڑی۔ لیکن مرتے دم تک اس کا داغ دل سے نہ مٹا اور جب تک رہے اور جہاں رہے اُس کی صحبتوں اور خوبیوں پر مٹے رہے۔ اس

---

(۱) تذکرہ ہندی گویان صفحہ ۲۴۷

(۲) تذکرہ ہندی گویان، حال اسد صفحہ ۱۶، امین صفحہ ۲۰، فراق صفحہ ۱۵۷، مشتاق صفحہ ۲۱۷، محشر صفحہ ۲۲۴، نالاں صفحہ ۲۶۱، نصیر صفحہ ۲۶۱، ہاتف صفحہ ۲۷۰۔ نیز دیکھو عمدہ منتخبہ و مجموعہ نغز۔

(۳) دیکھو تذکرہ ہندی گویان ذکر عاقل صفحہ ۱۵۱

مقام پر ایک بات غور و تامل کے قابل ہے یہ لوگ جہاں جہاں گئے (مثلاً فرخ آباد، عظیم آباد اور خاص کر لکھنؤ) وہاں والوں نے انہیں سر آنکھوں پر بٹھایا، عزت و حرمت سے پیش آئے۔ آسائش پہنچائی۔ مسافر نہیں مہمانِ عزیز سمجھا اور وہ خدمت کی کہ غربت کی کلفت دلوں سے محو ہو گئی۔ آج کل یہ حال نہ تھا کہ کوئی بھولا بھٹکا با کمال آگیا تو سمجھے کہ غنیم چڑھ آیا۔

مصحفی دلّی سے آنولہ اور ٹانڈہ پہنچے۔

جب میکدہ چھٹا تو رہی کیا جگہ کی قید　　　مسجد ہو، مدرسہ ہو، کوئی خانقاہ ہو

ٹانڈے میں نواب محمد یار خاں امیر خلف نواب علی محمد خاں، صاحبِ ذوق اور قدرشناس امیر تھے، شاعروں کا اُن کے ہاں اچھا خاصا جمگھٹا تھا۔ فدوی لاہوری، میر محمد نعیم نعیمؔ، پروانہ علی شاہ، پرواؔنہ، میاں عشرت حکیم کبیر، محمد قائم وغیرہ مجلس شعر و سخن کے رونق افروز تھے۔ میاں مصحفی بھی شریک صحبت ہو گئے۔ نواب نے میر سوزؔ اور مرزا محمد رفیع سوداؔ کو بھی خط لکھ کر بھیجا اور اپنے ہاں بلایا، وہ اُس زمانے میں مہربان خاں رندؔ کی سرکار میں ملازم تھے، فرخ آباد کو چھوڑنا گوارا نہ کیا۔ لیکن یہ مجلس زیادہ مدّت جمنے نہ پائی۔ سکرتال کی لڑائی (۱۱۸۵ھ) میں نواب ضابطہ خاں کو شاہ عالم نے مرہٹوں کی امداد سے ایسی شکست دی کہ ٹانڈے کی امارت درہم برہم ہو گئی۔ بیچارے فلک زدہ شاعروں کا وہاں کوئی ٹھکانا نہ رہا اور منتشر ہو گئے۔

مصحفی ٹانڈے سے ۱۱۸۵ھ کے لگ بھگ لکھنؤ پہنچے۔ یہ نواب شجاع الدولہ کا زمانہ تھا۔ سوداؔ وہاں پہلے سے موجود تھے۔ اُن سے اور بعض مشہور شعرا سے ملاقات ہوئی۔ ابھی سال بھر ہی رہنے پائے تھے کہ طبیعت اچاٹ ہوئی اور پھر دلّی کا رُخ کیا۔ معلوم ایسا ہوتا ہے کہ وہاں کوئی سرپرست اور قدرداں نہ ملا اور روزگار کی کوئی صورت نہ نکلی۔ لیکن دلّی میں کیا رکھا تھا، حالت پہلے سے بھی بدتر تھی۔ آخر تھوڑے دنوں کے بعد ہی دوبارہ لکھنؤ پہنچے۔

لکھنؤ پہنچ کر چند روز صباؔ (لالہ کانجی مل، کالیستھ سکسینہ) کے ہاں قیام[1] رہا۔ اس کے بعد

---

(۱) تذکرہ ہندی گویان صفحہ ۲۱

چندے میر محمد نعیم خاں کی رفاقت میں رہے۔ پھر مرزا زین العابدین عرف مرزا مینڈو سرِ تخلص (فرزند نواب سالار جنگ) نے جو اردو شاعری کے بڑے دلدادہ تھے بہ سلسلۂ شاعری اپنی رفاقت و مصاحبت میں لے لیا۔ مصحفی لکھتے ہیں کہ بڑی عزت سے پیش آتے تھے اور شعر و سخن میں مشورہ کرتے تھے۔ چار سال تک یعنی ۱۲۰۵ھ تک انہیں کے پاس رہے[۲]

دلی کے شاہزادے، شاہ عالم کے بیٹے مرزا سلیمان شکوہ اُس زمانے میں لکھنؤ میں تھے۔ صاحب عالم نے لکھنؤ کی سرزمین پر چھوٹی سی دلی بسا رکھی تھی اور سارا ٹھاٹ وہی قائم کر رکھا تھا۔ دلی سے جو جاتا پہلے اُن کی سرکار میں اپنا ٹھکانا ڈھونڈھتا۔ شعر و سخن سے ذوق رکھتے تھے اور شعرا اور اہل کمال کے قدردان تھے۔ انشا، جرأت، سوز، مصحفی وغیرہ انہیں کے دربار میں ملازم تھے یا انعام و اکرام سے سرفراز ہوتے تھے۔ بارہ سو سات آٹھ ہجری میں مصحفی بھی میر انشاءاللہ کی وساطت سے اس دربار میں داخل ہوئے[۳]

ہمارے درباروں میں حسد و رشک، رقابت و غمازی اور ساز و باز کی گرم بازاری ہمیشہ رہی ہے۔ ہر منہ چڑھا مصاحب دوسرے کے اکھاڑنے اور اپنے جمانے کی فکر میں رہتا ہے اور اس میں وہ عیاریاں اور افترا پردازیاں، حرفتیں اور جدتیں کام میں لائی جاتی ہیں کہ عقل حیران رہ جاتی ہے۔ انشا، جرأت اور مصحفی خواجہ تاش اور ہم پیشہ تھے۔ اول اول شاعرانہ چشمک رہی، بعد میں بڑھتے بڑھتے نوبت جنگ و جدل اور فحش اور پھکڑ تک پہنچ گئی۔ ان ہزلیات میں مصحفی اور انشا نے وہ وہ کیچڑ اچھالی ہے کہ حیا اور غیرت کی آنکھیں نیچی ہو جاتی ہیں۔ سید انشا بے حد ظریف ٹھٹھول اور بے چین طبیعت کے تھے اور اس پر ذہانت اور غضب تھی مصحفی پختہ اور پرانے استاد تھے ساتھ شاگردوں کا لشکر تھا۔ انشا کی زیادتیاں گوارا نہ ہوئیں، ترکی بہ ترکی جواب دینے لگے۔ غرض ایک ہنگامہ برپا ہو گیا جس کے مزے صاحبِ عالم اور نواب بھی لینے لگے اور شہر والوں کو ایک دل لگی

---

(۱) تذکرہ ہندی گویان صفحہ ۲۵۔ (۲) تذکرہ ہندی گویان صفحہ ۱۱۸

(۳) تذکرہ ہندی گویان صفحہ ۱۲۱۔ آزاد نے جو یہ لکھا ہے کہ مصحفی پہلے سے دربار میں تھے اور انشا بعد میں آئے صحیح نہیں

ہاتھ آگئی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ انشا اپنی طراری، تیزی اور رسوخ سے بازی لے گئے۔ اور مصحفی کو خفت نصیب ہوئی۔ صاحب عالم کی نظریں ان کی طرف سے پھر گئیں، تنخواہ میں بھی تخفیف ہوئی اور آخر میں قطع تعلق کر کے خانہ نشین ہو گئے۔ اپنی تنخواہ کا ذکر کس حسرت سے کیا ہے:۔

چالیس برس کا ہی ہے چالیس کے لائق | تھا مرد معمر کہیں دس بیس کے لائق
لے وائے کہ پچیس سے اب پانچ ہیں اپنے | ہم بھی کبھی روزوں میں تھے پچیس کے لائق
استاد کا کرتے ہیں امیر اب کے مقرر | ہوتا ہے جو درماہہ کہ سائیس کے لائق

مصحفی طبیعت کے بہت نیک اور مرنج و مرنجان شخص تھے۔ اُن کے ہمعصر تذکرہ نویسوں نے اُن کے مزاج اور اخلاق کی بہت تعریف کی ہے اور اُنہیں خلیق، متواضع، مسکین وضع مسکین نہاد اور نیک سیرت لکھا ہے[۱]۔ وہ کبھی درباری شاعروں سے نہ الجھتے۔ لیکن جب دوسری طرف سے چھیڑ شروع ہوئی تو اُس کے جواب میں خاموش رہنا ممکن نہ تھا۔ کچھ تو شاعری کا گھمنڈ، کچھ درباری حالات اور اس پر شاگردوں کی شہ نے معاملہ کہیں سے کہیں پہنچا دیا۔

یہ حالات اُس زمانے کی معاشرت پر دھندلی سی روشنی ڈالتے ہیں۔

مصحفی کی زندگی پریشان حالی، تنگدستی اور عُسرت میں گزری۔ اگرچہ کئی امیروں کی رفاقت اور صحبت رہی اور شاگرد بھی اُن کے کثرت سے ہوئے جن میں بڑے بڑے لوگ بھی تھے مگر کبھی فراغ بالی اور معاش کی طرف سے اطمینان نصیب نہ ہوا۔ علی لطف صاحب گلشن ہند نے ان کے احوال میں صحیح لکھا ہے "برس سے اوقات لکھنؤ میں بسر کرتا ہے۔ ضیق معاش تو وہاں ایک مدت سے نصیب اہل کمال ہے اسی طور پر درہم برہم اس غریب کا بھی احوال ہے"۔ آخر میں یہ حال ہو گیا تھا کہ یا تو سعادتمند شاگرد اُن کی مدد کرتے تھے یا غزلیں بیچ بیچ کے اپنی بسر اوقات کرتے تھے۔ اس طرح کلام کا بہت سا حصہ دوسروں کی قسمت میں آ گیا۔

---

(۱) دیکھو ذکر مصحفی تذکرہ قدرت اللہ شوق تذکرہ قدرت اللہ قاسم اور عمدۂ منتخبہ ہیں۔

مصحفی نے عمر بھی بہت پائی، پُرانے اُستاد جنہوں نے اردو کی بنیادوں کو مضبوط کیا اور نئی پود جس نے آگے چل کر بڑا نام پایا، سب کو دیکھا، پرکھا اور اکثر اُن کے سامنے چل بسے۔ وفات کا صحیح سنہ معلوم نہ ہو سکا۔ تذکرہ ریاض الفصحا میں جس کا سنہ اختتام ۱۲۳۶ھ ہے لکھتے ہیں کہ اس وقت میری عمر اسّی سال کی ہے۔ شیفتہ نے اپنے تذکرہ میں لکھا ہے کہ آج کے دن مصحفی کیرے دس سال ہوتے ہیں۔ یہ تذکرہ ۱۲۵۰ھ میں لکھا گیا۔ اس حساب سے آن کا سنہ وفات ۱۲۴۰ھ ہوا، اور عمر چوراسی سال کی۔

مصحفی کے استاد ہونے میں شبہ نہیں۔ بڑے مشاق اور بخیتہ گو شاعر تھے۔ آٹھ دیوان، متعدد قصائد اور مثنویاں اُن کی تصنیف سے اب تک باقی ہیں۔ علاوہ اس ضخیم کلام کے شعرا کے تین تذکرے بھی اُن کی بڑی یادگار ہیں جو اب تک گمنامی میں پڑے ہوئے تھے۔

سب سے پہلا تذکرہ فارسی گو شعرا کا ہے جس کا نام عقد ثریا ہے۔ اس میں تین قسم کے شعرا کا ذکر ہے۔ اول شعرائے ایران جو ہندوستان میں کبھی نہیں آئے۔ دوسرے وہ شعرائے ایران جو ہندوستان آئے۔ تیسرے ہندوستانی فارسی گو شاعر۔ دوسرا تذکرہ اردو کہنے والے شاعروں کا ہے تیسرے تذکرے کا نام ریاض الفصحا ہے۔ اس تذکرے کی ضرورت یوں پیش آئی کہ جن لوگوں کے نام پہلے تذکرے میں لکھنے سے رہ گئے تھے اُن کا ذکر اس میں کیا گیا ہے۔

ان تینوں میں تذکرہ نمبر ۲ یعنی تذکرۂ ہندی اصل ہے، باقی دو کو اُس کا تکملہ سمجھنا چاہئے یہ تذکرہ جیسا کہ خود مصحفی نے لکھا ہے۔ میر مستحسن خلیق خلف میر حسن کی فرمائش سے تحریر میں آیا اور عہد فردوس آرامگاہ (محمد شاہ بادشاہ) سے شاہ عالم بادشاہ کے زمانے تک کے شعرا کا حال درج ہے۔ بعض متقدم شعرا کے حالات تیمناً لکھ دئے گئے ہیں لیکن زیادہ تر اس میں معاصرین ہی کا ذکر ہے[1]۔

مصحفی کا زمانہ معمولی نہیں تھا۔ یہ اردو زبان کی ترقی و فروغ کا نہایت ممتاز دور ہے۔

---

(۱) تذکرہ ہندی گویان صفحہ ۳، ۴

اگرچہ فارسی کا رواج عام تھا مکتبوں اور مدرسوں میں فارسی کی تعلیم برابر جاری تھی، فارسی کا پڑھنا علم و فضل ہی کے لئے نہیں بلکہ تہذیب و شائستگی کے لئے لازم خیال کیا جاتا تھا. لوگ فارسی شعر و سخن کے ایسی ہی دلدادہ تھے جیسے اکبر و جہانگیر کے زمانے میں۔ اس کا ایک بڑا ثبوت یہ ہے کہ یہی تذکرے جو اُردو شعرا کے ہیں فارسی میں لکھے گئے۔ اس سے پہلے اور بعد بھی بہت سے تذکرے جو اردو شاعروں کے لکھے گئے فارسی میں ہیں۔ لیکن اردو زبان رفتہ رفتہ زور پکڑتی جاتی تھی اور مصحفی کے زمانے میں تو اُس نے یہ قوت حاصل کر لی تھی کہ ہمارے مستند شاعر فارسی کو چھوڑ کر اُردو کی طرف مائل ہو رہے تھے۔ خود مصحفی جو فارسی میں بھی شعر کہتے تھے اور فارسی کے دو دیوان مرتب کر چکے تھے جن میں سے ایک نظیری نیشاپوری کے جواب میں ہے، اپنے حال میں لکھتے ہیں "بمقتضائے رواجِ زمانہ آخر کار خود را مصروف بہ ریختہ گوئی داشتہ برائے این کہ رواجِ شعر فارسی در ہندوستان بہ نسبت ریختہ کم است و ریختہ ہم فی زمانا بہ پایۂ اعلیٰ فارسی رسیدہ (بلکہ از و بہتر گردیدہ)"[1]۔ اس سے بڑھ کر کوئی اور مستند شہادت نہیں ہو سکتی۔ اور حقیقت بھی یہی ہے کہ اس دور میں اُردو کے ایسے بلند پایہ شاعر ہوئے ہیں جن کی بدولت اُردو نے وہ فروغ حاصل کیا کہ ہندوستان میں فارسی شاعری کا خاتمہ ہو گیا۔ یہ وہ لوگ تھے جنہوں نے اُردو میں لطافت و شیرینی، قوت اور وسعت پیدا کی اور اُس کی بنیادوں کو مضبوط کیا۔ اُن کی زبان اور کلام کا اثر اب تک باقی ہے اور باقی رہے گا۔

مصحفی کی حاتم سے لے کر نصیر دہلوی تک ذاتی ملاقات تھی۔ بعض اُن میں سے بزرگ تھے جیسے حاتم، خواجہ میر درد، میر، سودا، فغاں وغیرہ۔ بعض ہم عمر اور ہمعصر تھے مثلاً قائم، جرأت، سوز، بقا، انشا، حسن، حسرت وغیرہ۔ بعض نومشق تھے اور نام پیدا کر رہے تھے جیسے آتش، ناسخ، نصیر، رنگین، ممنون، طپش، خلیق، افسوس وغیرہ وغیرہ۔ شاگرد بھی مصحفی کے اس کثرت

---

(۱) تذکرۂ ہندی گویان صفحہ ۲۴۸۔ قوسین کے الفاظ ایک نسخہ میں ہیں دوسرے میں نہیں۔

سے تھے کہ پرانے اساتذہ میں شاذ ہی کسی کے ہوں چنانچہ خود فرماتے ہیں سو

شاگرد تازہ از پس شاگرد می رسد　　　یعنی رجوع خلق بہ بیت ہماں کہ بود

ان میں سے بعضوں نے بہت نام پایا مثلاً ضمیر، خلیق، رنگین، پروانہ، تنہا، اور منتظر اور گرم وغیرہ اُن کے خاص اور عزیز شاگرد تھے۔ اکثر کا حال ان تذکروں میں موجود ہے ان تذکروں میں اکثر شعرا ایسے ہیں جن سے مصحفی ذاتی طور پر واقف تھے یا اُن سے دوستانہ تعلقات تھے۔ جن کو نہیں جانتے تھے اُن کے متعلق صاف لکھ دیا ہے کہ میں نہیں جانتا۔

مصحفی نے اپنے تذکرے صاف اور سیدھی زبان میں لکھے ہیں، تکلف اور تصنع اور عبارت آرائی سے کام نہیں لیا۔ کہیں بے جا طول نہیں دیا، جو حالات جس کسی کے معلوم تھے مختصر طور پر صاف صاف لکھ دئے ہیں۔ انہیں حالات کے ضمن میں کہیں کہیں اُس زمانے کی شعروشاعری اور اردو ادب کے آثار چڑھاؤ کی کیفیت بھی معلوم ہو جاتی ہے۔ مثلاً حاتم کے ذکر میں اُن کی زبانی ولی کے دیوان کا شاہجہاں آباد میں آنا، لوگوں میں اُس کا چرچا ہونا، بعض صاحبوں کا ایہام گوئی پر اردو شاعری کی بنیاد رکھنا چند سطروں میں خوبی سے بیان کیا ہے۔ اُسی کے ساتھ حاتم کی بزرگی، اُن کے دیوان زادے اور حکمت استادی کا تذکرہ بھی اپنے انداز میں خوب لکھا ہے۔ دہلی اور لکھنؤ میں مشاعروں کی حالت، اپنے مشاعرے کا ذکر بعض نامور اور معاصر شعرا کی ملاقات کا حال جگہ جگہ لکھتے گئے ہیں۔ ایک جگہ مشاعروں کے متعلق لکھا ہے کہ تجربہ میں آیا ہے کہ ایسی مجلسیں ایک سال سے زیادہ نہیں رہنے پاتیں، ضرور کوئی نہ کوئی تفرقہ اور خلل پیدا ہو جاتا ہے۔[۲]

وہ اپنے تذکروں میں شعرا کے کلام کے متعلق رائے لکھتے ہیں لیکن اُس میں

---

(۳) صفحہ ایک (۲) حال شیخ مغل خان (تذکرۂ ثانی)

تنقیدی حیثیت بہت کم ہوتی ہے۔ تاہم بعض نامور شعراء کے متعلق ان کی رائیں خاص وقعت رکھتی ہیں۔ مثلاً سودا کے تذکرے میں اگرچہ پورا ایک صفحہ بھی نہیں لکھا لیکن جو کچھ لکھا ہے اُس میں اُن کے کمال اور سیرت کی تصویر کھینچ دی ہے۔ نکتہ چینوں کے اعتراضات بیان کرنے کے بعد لکھتے ہیں "غرض ہرچہ بود، در روانیِ طبع نظیر خود نہ داشت"۔ اور آخر میں کہتے ہیں "نقاش اولِ قصیدہ در زبان ریختہ اوست، حالا ہرکہ گوید پیرو و متبعش خواہد بود۔"

مظہر جان جاناں کی نسبت فرماتے ہیں کہ "در دورِ ایہام گویان اول کسے کہ شعر ریختہ بہ تتبع فارسی گفتہ اوست"۔ آخر میں لکھتے ہیں "فی الحقیقت نقاش اولِ ریختہ بایں دتیرہ باعتقاد نقیر مرزاست، بعدہٗ تتبعش بہ دیگراں رسیدہ"۔

سودا سے مقابلہ کرنے کے بعد جس کا رواج اُس وقت عام تھا اور جس کا اثر اب بھی باقی ہے۔ میر صاحب کی نسبت فرماتے ہیں "غرض ہرچہ ہست استادیِ ریختہ برو مسلم است ..... ہمہ ریختہ گویان ہند سند از کلامش می آرند و اورا دریں فن مستثنیٰ می دانند و الحق چنیں است"۔

یقینؔ کے کلام کے متعلق بھی قریب قریب وہی رائے ظاہر کی ہے جو مظہر جان جاناں کے حق میں لکھی ہے۔ آخر یقین ہیں تو مظہر ہی کے تربیت یافتہ۔ کہتے ہیں کہ "در دورۂ ایہام گویان اول کسے کہ ریختہ راشتہ و رفتہ گفتہ ایں جوان بود، بعد ازاں تتبعش بدیگراں رسیدہ"۔

مصحفی پہلے شخص ہیں جنہوں نے میر حسن کی مثنوی کی سچی تعریف کی ہے "در مثنویِ آخر کہ سحر البیان نام دارد ید بیضا نمودہ۔ الحق کہ کار کارِ اوست۔ قطع نظر از بلاغتِ شاعری زبانش بسیار بامزہ و شیریں و عالم پسند افتادہ"۔

ہمعصروں کے کلام کے متعلق صحیح رائے کا ظاہر کرنا آسان نہیں، اور خاص کر ایسے لوگوں کے متعلق جن سے آویزش اور چشمک رہی ہو۔ انشاء اللہ خاں اور اُن میں کیا کچھ نہیں گزری تھی اور ان بزرگوں نے کون سی بات تھی جو اٹھا رکھی تھی۔ اس پر بھی جب

وہ انشا کا حال لکھنے بیٹھے تو سچی تعریف اور بے لاگ رائے ظاہر کرنے میں کوتاہی نہیں کی۔ اُن کی ہمہ زبانی اور خاص کر فارسی دانی کی تعریف کی ہے انشا نے شنوی شیر برنج مولانا بہار الدین آملی کی شنوی نان وحلوا کے جواب میں لکھی اُس کی نسبت لکھتے ہیں "بسیار لطف گفتہ د دادِ فصاحتِ زبان فارسی دروداده" اُن کے اُردو کلام کے متعلق یہ فقرہ لکھا ہے "اگرچہ ہمہ کلامش در عالمِ ظرافت، خالی از کیفیتے نیست اما آنچہ از اشعارِ سادہ اش انتخاب فقیر افتادہ انیست" اُن کے کلام کا انتخاب بھی بہت اچھا کیا ہے۔ انتقال کے بعد بھی انہیں یاد کیا ہے سو

مصحفی کس زندگانی پر بھلا میں شاد ہوں یاد ہے مرگِ قتیل و مردنِ انشا مجھے

بقا سے مصحفی کے دوستانہ تعلقات تھے اور وہ اُس کے خلق وظرافت اور قناعت کی تعریف کرتے ہیں لیکن کلام کے متعلق صاف لکھ دیا ہے کہ "در قصیدہ ید طولی دارد اما در گفتن غزل بطی است"

آتش اُن کے شاگرد تھے، اُن کے متعلق کیا صحیح رائے دی ہے "اگر عمرش وفا کردہ وچندیں سال بریں دتیرہ رفت وفکر متینش را مانعے در پیش نیاید یکے از بے نظیران روزگار خواہد شد"

رنگین بھی اُن کے شاگرد تھے کیا خوب کہا ہے کہ "ہرچند چنداں بہرۂ از علم ندارد اما ذکاوتِ طبعش بر صاحب علمان غالب" رنگین نے اپنا دیوان اصلاح کے لئے پیش کیا شروع سے آخر تک دیکھ کر فرمایا "کلامش بسیار کم اصلاح بر آمدہ" اصل رائے یہ ہے "چوں مزاجش عشق باز افتادہ، اکثر قطعہائے خوب خوب وغزل ونامہ ہائے نغز نغز بہ سلکِ نظم کشید"

ناسخ کی نسبت ایک جگہ فرماتے ہیں "تلاش ہائے معانی تازہ می کند" ایک دوسری جگہ لکھتے ہیں "بہ معنی بندئ تازہ علمِ استادی برافراشتہ" لیکن مصحفی اس قسم کی شاعری کو جس میں معنی بندی اور "اشعار خیالی" زیادہ ہوتے ہیں پسند نہیں کرتے تھے۔(۱)

---

(۱) دیکھو ذکر واجد تذکرہ ثانی۔

مصحفی کے تذکروں میں بیسیوں ہندو شاعروں کا حال درج ہے۔ ان کا ذکر بھی اسی گرم دلی اور خوبی سے کرتے ہیں جیسا دوسروں کا۔ اس سے اُس زمانے کی تہذیب اور آپس کی یک جہتی کا اندازہ ہوتا ہے۔

تذکرے میں اکثر نامور شعرا کی تاریخ وفات کے قطعے لکھے ہیں۔ اس فن میں انہیں خاص دخل تھا۔

میر سوز کے ابتدائی تخلص "میر" کی شہادت بھی اس تذکرے سے ملتی ہے۔

سعادت امروہوی کا حال بھی لکھا ہے لیکن میر صاحب کے تعلق تلمذ و استادی کا ذکر نہیں کیا۔

مصحفی نے اپنے تذکروں میں ضمناً صرف تین تذکروں کی طرف اشارہ کیا ہے۔ یک تذکرۂ میر حسن(۱) دوسرے تذکرۂ گردیزی(۲) تیسرے تذکرۂ(۳) قدرت اللہ شوق۔

ایک بات اور قابل لحاظ ان تذکروں میں پائی جاتی ہے۔ جہاں تک تحقیق ہوا ہے اُردو شعراء میں مصحفی پہلے شخص ہیں جنہوں نے "اردو" کا لفظ زبان کے معنوں میں استعمال کیا ہے۔ ان تذکروں میں کئی جگہ یہ لفظ آیا ہے۔ حضور کے حال میں ذکر کرتے ہیں کہ ایک روز شاہجہاں آباد میں لطف علی خاں ناطق کے گھر پر مشاعرہ تھا۔ میر صاحب کی طرحی غزل میں قافیہ کے بعد ردیف "اور" بمعنی طرف تھی۔ بعضے فصحا نے اُسے خلافِ "اردو" خیال کر کے اُس کی پیروی نہ کی۔ نثار کے حال میں لکھتے ہیں کہ "ادائے زبان اردو چنانچہ باید از زبانِ ندرت بیانش می شود" قہر کے تذکرے میں مرزا قتیل کے متعلق فرماتے ہیں کہ "ادہم باوصفِ فارسی گوئی دعوئے اُردو دانی ریختہ داشت" اسی طرح مہجور کے حال میں لکھا ہے کہ "سہ کتاب در زبانِ اردوئے ریختۂ شکر آمیختہ از خامۂ گوہر رونق سواد تحریر یافتہ" لیکن زبان اردوئے معلیٰ" کا لفظ سب سے پہلے میر صاحب نے اپنے تذکرہ

---

(۱) تذکرہ ہندی گویان صفحہ ۸۰ ذکر خاکسار۔ صفحہ ۲۶۰ ذکر نالاں

(۲) دیکھو صفحہ ۲۴۳ ذکر لبنا (تذکرہ ہندی گویان

نکات الشعراء میں لکھا ہے (۳)، انشا نے بھی جا بجا دریائے لطافت میں اُردو کا لفظ استعمال کیا ہے۔ اس کے بعد پھر میر امن کی باغ و بہار میں نظر آتا ہے۔

پہلے تذکرے کے آخر میں چند شاعر عورتوں کا حال بھی درج ہے۔

ان تینوں تذکروں کی تصنیف کی تاریخیں یہ ہیں۔

تذکرۂ اول، ہندی گویان۔ سنہ ۱۲۰۱ھ سے قبل شروع ہوتا ہے اور سنہ ۱۲۰۹ھ میں ختم ہوتا ہے۔ تاریخ اختتام تو مصحفی نے خود لکھ دی ہے۔ ابتدا کا صحیح سنہ تو معلوم نہیں ہو سکا لیکن خاکسار کے ذکر میں میر حسن (متوفی سنہ ۱۲۰۱ھ) کا تذکرہ ضمناً آگیا ہے جس سے ظاہر ہے کہ وہ اس سنہ سے قبل لکھنا شروع کر چکے تھے۔

تذکرۂ دوم، ہندی گویاں۔ اس کا سنہ تصنیف اُس کے نام ریاض الفصحا سے نکلتا ہے یعنی سنہ ۱۲۲۱ھ لیکن یہ تاریخ آغاز ہے، تاریخ اختتام سنہ ۱۲۳۱ھ ہے۔

تذکرۂ فارسی گویان یعنی عقد ثریا کا سنہ تصنیف ۱۱۹۹ھ ہے۔

ہندی گو شاعروں کے دو تذکرے ہیں۔ ان میں بعض شعرا کے حالات مشترک ہیں۔ اس لئے کہیں کہیں بعض شعرا کے حالات کے متعلق رائے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ یہ تعجب کی بات نہیں کیونکہ جیسا کہ خود مصحفی نے لکھا ہے ایک عالم شباب کا نتیجہ ہے اور دوسرا زمانۂ شیب کا۔

ہندی گویوں کا پہلا تذکرہ ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کے نسخے پر مبنی ہے۔ البتہ اس کا مقابلہ خدا بخش خاں کے کتب خانے کے نسخے سے کیا گیا۔ بعض مشتبہ مقامات کا مقابلہ کتب خانہ مدرسۂ ندوۃ العلما سے بھی کیا گیا۔ باقی دو تذکرے خدا بخش خاں کے کتب خانے کے نسخوں کی نقل ہیں۔ بعد ازاں ان تینوں تذکروں کے مبیضوں کا مقابلہ کتب خانۂ ریاست رام پور کے نسخوں سے ہوا۔ افسوس ہے کہ کتب خانۂ خدا بخش خاں اور رام پور کے نسخے بہت غلط اور بدخط نکلے۔ تاہم مقابلے سے بعض مقامات کی کچھ نہ کچھ تصحیح ہو گئی۔

---

(۳) صفحہ ایک

میں قاضی عبدالودود صاحب بیرسٹرایٹ لا ایڈوکیٹ پٹنہ کا ممنون ہوں کہ انہوں نے دونوں نسخوں کی نقل خدابخش خاں کے کتب خانے سے لکھوا کر بھیجی اور خود بڑی احتیاط سے تینوں نسخوں کا مقابلہ وہاں کے نسخوں سے کیا۔

حاشیہ میں ان نسخوں کا حوالہ درج کردیا گیا ہے۔ ن۔ خ سے مراد نسخہ کتب خانہ خدابخش خاں ہے۔ اور ن۔ ر سے نسخہ رام پور۔ جہاں صرف ن لکھا ہے اُس سے بھی نسخہ رام پور مراد ہے۔

عبدالحق

حیدرآباد دکن
۸ر نومبر ۱۹۳۳ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اوّل کہ زباں سلسلہ جنبانی کرد — از سلسلۂ طرفہ سخن رانی کرد
یعنی کہ زحمدِ حق چو پیچید عناں — زد بر درِ نعت ومنقبت خوانی کرد

طائرِ تیز پرِ وہم وخیالِ انسان سست بنیان راچہ یارا کہ باوج ہوائے حمد وثنائے باری عزاسمہ بال پرواز تواند کشود ومرغِ آسمان سیر اندیشۂ آدمی خاکی نژاد راچہ طاقت کہ بقوتِ تیز پری وبلند پروازی ادراکِ خود را، ہبرِ آشیان عنقائے معرفتش تواند نمود - اینجا اندیشہ رادل وتوسن خیال رانعل واژگوں، لہٰذا کشتیٔ مدرکہ را ایں دریائے طوفاں خیز بساحلِ نجات افگندہ از گل چینیٔ گلستانِ نعت ومنقبت، بندِ گلوئے سخن می گرداند وایں بادہ راچوں گلِ رعنا بیک ساغر پیماید۔

نبی وعلی ہر دو چوں مہر وماہ — کزانیاں شدہ روشن ایں جلوہ گاہ
نبی وعلی ہر دو چوں دست وتیغ — کہ بُرّد سرِ دشمناں بے دریغ
کہ سطح فلک آورد زیرپائے — نبی راچو آمد براق ازخدائے
علی آں سوئے عرش پرواز کرد — درِ گنجِ پوشیدہ راباز کرد

امابعد بررہ نوردانِ مراحل معنی ومنزل شناسانِ طریقِ نکتہ دانی پوشیدہ مباد کہ ایں کوچہ گردِ شہرِ رسوائیٔ عشق کلام موزوں خود راکہ غلام ہمدانی نام دارد ومصحفی تخلص می کند از ہجوم فکرِ شعر فرصت آں کجا بود کہ بفراہم آوردن اشعارِ دیگراں قلم جادو رقم رافرسودہ ومندرس سازد ہم ازیں کہ سرانجام ایں مہم عظیم باوصف حاضر بودن دل ودماغ نیز سرمایۂ تام ومواد کلی می خواست۔

بواسطهٔ بے سر و سامانی کہ تصریح آن بسببے نمی خواہد گاہے بطرفِ تالیفِ بیاض تذکرہ ہمت نمی گماشت محض بر ترانہ سنجی طبعِ موزونِ خویش اکتفا کردہ خود را شب و روز در تسوید و تقییدِ غزل ہندی و فارسی مشغول می داشت و آخر آخر ایں بے بضاعتی در دار الخلافہٴ شاہجہان آباد حرسہا اللہ عن الفتن و الفسا و طرحِ مشاعرہ کردہ از اکثرے گوے سبقت ربودہ ، باوجودِ مہارتِ کلی در زبانِ فارسی بمقتضائے رواجِ زمانہ خود را در سلکِ ریختہ گویاں کشیدہ صرفِ اوقاتِ عزیز در ریختہ گوئی می کرد وقتے کہ زبان دان ایں زباں دو چار می شد با او بہ تکلیفِ ہم زبانیش جام سخن را گاہ گاہے می پیمود و دربستہٴ صندوقچہٴ فرنگ دیوانِ فارسی برروئے یاران جوہر شناس لفظ و معنی می کشود والا ہمیں شعر ریختہ کہ در زمانہٴ ما بسببِ فصاحت و بلاغتِ ایشاں از زبانِ فارسی در(۱) پلہ کم ہم نیست نمک پاش سینہٴ ایشاں و مرہم جراحتِ درویشاں بود تا آنکہ مرزا محمد حسن قتیل تخلص کہ مفصل احوال ایشاں در حرف القاف سمتِ تحریر خواہد پذیرفت در ایامے کہ مجلس مشاعرہ بفقیر خانہ زینت انعقاد داشت از ساحت لشکر نواب ذو الفقار الدولہ بہادر شاہجہان آباد گذر انگند زمزمہٴ غزل فارسی بگوش ایں مزاج دان سخن رسانیدہ باعثِ شعر فارسی خواندن در مجلس ریختہ گویاں گردید و آتشِ خاموش ایں زبانم را چار و ناچار کار بزباں کشیدن افتاد اکثر دراں روزہا باہم ہم طرح بودیم از یکدگر گوئے سبقت می ربودیم چوں مرزائے مزبور خیلے سیاحت کردہ و در مجلس وضیع و شریف رسیدہ نظم و نثر از اشعار و احوال معاصرین جستہ جستہ بر بیاضِ خاطر خود منقوش داشت روزے ایں ہمہ رطب و یابس را بنظر قبول من زیبا نمودہ فسونِ تالیفِ تذکرہٴ معاصرین بگوشم دمیدہ اسامیٴ چنداز اں ہا بقلم تحریر من درآورد و مسودہٴ احوال بعضے را بر بیاضِ مختصرے بدستِ من نویسانیدہ

۱- ن - پایہ - ۲- ن مرہم نہ جراحت

یاد آوردن یاران و دوستاں بیادم داد از انجا کہ من آوارۂ بیابانِ عشق سخن ہمیشہ در
جمع ساختنِ خمسہ و حواسِ خمسہ چوں خمسۂ سحرہ حیرانِ کارِ خویش بودم از پیش آمدن
ایں مہم عظیم کہ در نظر اولی بیش از بازیٔ طفلاں نمی نمود ہرگز بخوابِ فراغت نمی غنودم
چوں معلومِ من گردید کہ از آخر ایں بلا بگردنِ من بستہ شد در ایام دوریٔ آں آشنائے
صادق و یارِ موافق سرانجام ایں امرِ خطیر شب ہا چوں شمع می سوختم و تنِ تنہا قدم
در بادیۂ تردد و تلاش اشعار و احوال سخن سنجانِ عہد فردوس آرامگاہ معاصرین
خویش عہد شاہ عالم بادشاہ بہادر غازی خلد اللہ ملکہ و سلطانہ مسودۂ سرگذشت
ہر یک را از زندہ و مردہ بر پارۂ کاغذی نگاشتم و پیوستہ در صدد آں می بودم
کہ چہرۂ ایں تصویرِ فرنگ بقیہ حروف تہجی از زینت سراپا چہرہ کشا گردد و چوں مکونِ
حقیقی ہر آغاز را انجامے و ہر صبح را شامے در قفا گذاشتہ در یک ہزار و یک صد و
نود و نہ ایں تذکرۂ عجیبہ کہ گویا فی الحقیقۃ بیاض است مشتمل بر حقیقت احوال
خورد و بزرگ از شعرا صورت اختتام پذیرفتہ و چوں تذکرہ نویسان سلف دقیقہ از
نوشتن اشعار و اوضاع قدما فرو نگذاشتہ اند بنا بر آں قیدِ اسامی آنہا را تحصیل
حاصل انگاشتہ آغاز ایں مجموعہ از عہدِ شعرائے فردوس آرامگاہ تا آوانِ دولتِ
شاہ عالم بادشاہ بہادر غازی کردہ اسمائے معاصرین دریں جریدہ جمع ساختم
و برخلافِ تفصیل احوال اکثرے اجمال احوال بعضے چار و ناچار اتفاق افتاد برائے
آنکہ دریں طے زماں بسیارے از کاملان ایں فن گذشتہ اند کہ بر سرگذشت
ایں باکمالہی اطلاعے نیست رباعی

ایں تذکرہ کس بہار چندیں سال است   آئینہ رونمائے صد تمثال است
ایں تذکرہ را مگیر کم ہم ز بیاض   زیرا کہ در و نشستہ وصاف احوال است

ہرگاہ ایں مجموعۂ دل نشیں بچشم کہین و مہین رنگین نو آئین نمود و سلک لآلیٔ
اشعار آبدارش از غایتِ حسن و   آویزۂ گوش عروسِ روزگار گردید از مہر
تابندگیٔ طالع و علوِ شان بہ عقد ثریا موسومش ساختم و آتش رشک ازیں شرر

پاره ہا در جانِ حسوداں انداختم ازبسکہ ایں باغ باصفا از خس و خاشاک کدورتِ حرص و ہوا مبرّاست و از کثرتِ الفاظ گلہائے معنیٔ رنگین و اشعارِ شستہ و صاف چوں آئینۂ دلِ عارفانِ تمام صفا تاریخ تالیفش بریں گونہ صورت انمام گرفتہ قطعہ

از صنعِ دستکاریِ معمارِ طبعِ من　　باصد ہزار صورتِ رنگین و خوشنما
ایں روضہ چوں بہشت ساختہ　　تاریخ یافت خانہ "زہے باغِ باصفا"

امید از نظر بازانِ شواہد سخن و تذکرہ خوانانِ نو دکہن چنانست کہ یکے در رنگ آمیزی برنقش و نغزیب چشم انصاف باز کردہ۔ چوں تالیفِ ایں فقیر خاکسار مصحفی است بلا تشبیہ مصحفِ بغلی تصور کردہ از خود جدا نہ سازند و چوں بشکل حمائل صغیر الحجم واقع شدہ گلوئے شوق و حمائلِ دوش نما ساختہ از مطالعۂ آں دیدہ را روشنی میدادہ باشند کہ خالی از فوائد نخواہد بود۔

آغاز اسمائے شعرا

حرف الالف

انجب اسمِ شریفش بدیع العصر مشہور بحاجی ربیع انجب شاگردِ مرتضیٰ قلی بیگ انگینہ والائے اصفہانی مولدش بقولِ خودش اندلس بوده در زمینِ مغرب لہذا اورا اکثرے حاجی مغربی نیز می گفتند۔ از انجا بصغرِ سن بصفاہان رسیدهٔ دہی سال دراں شہر کسبِ علوم نمودهٔ بعدازاں حج و سیاحت کرده بہندوستان گذر افگنده با اکابر اُمرا ملاقات نموده پیوستہ در مجالس و محافل موقر و ممتاز بود چون سلسلۂ اوضاعِ اہل دار الخلافہ برہم خورد ساکت و صامت در گوشۂ نشست و تکیہ بر عنایتِ الٰہی کرده التجا بدرِ کسے نیا ورد از ہفت سالگی طبع بلندش مائل بشعر گفتن بود و در ابتدا ہرچہ گفتہ بوده است بوالائے اصفہانی می نمود با وجود انیکہ پنجاه سال پیش از وفاتِ خود مالکِ پنج لک بیت بود شعر خود را بر کسے نداده بگمانِ انیکہ شعرا از اقوالِ مجانین است اہل دانش و حکمت را باین چیزہا چہ کار واز بعضے دوستانِ صادق مسموع است کہ دیوانے در جوابِ دیوانِ نظیری نیشاپوری در ہفت روز گفتہ درست نمود۔ با این ہمہ پر گوئی، کہ در شہر قدم گذاشت دیوانِ تازه از وے یادگار است جستگیٔ الفاظ و صفائی عبارت و تازگی مضمون از کلامش پیداست اما بسبب پر گوئی خالی از رطب و یابس نیست انچہ بچشم دیده شد از تصانیف اوست۔ جوابِ خمسہ مولانا نظامی گنجہ قدس سرهٔ بخطِ خودش و دیوانے کلاں بقدر شصت ہزار بیت و کتابے ضخیم در عقائدِ اثنا عشریہ و قصۂ چار درویش در نثر غرض کہ از تصانیفش یک شتر بار صندوقے جمع شده بود ہمہ بہ دزدی رفت چنانچہ از ان جملہ کتابے کہ

هیژده پرت مہابھارت را بفرمائش عزیزے بنظم درآورده بود، از غارتِ روہیلہ ہا شخصے خریده اش آورد، واو یک جلد آں ہژده پرت بود وخود ہم چہل سال پیش از وفات خود اشعار بہ پرگوی خود می نماید وآں شعرا نیست

بیتم افزوں گشت از پانصد ہزار | بیکراں از مصرعہ ام شد ذوالفقار

وتصنیفِ مدت چہل سال از نظم ونثرش زیاده برایں است۔ مذہبش چوں حکیمانہ[۲] بود لہذا نام اکابراولیا واساتذهٔ عظمیٰ بحقارت می برد۔ گویند کہ مدت عمرش ہفت صد سالہ بوده است واحوالش بیشتر بخلافِ قیاس گوش زومن شد آخرِ عمرش مشتاق شده روزے بنده ہم پیش او رفتم مردے دیدم نحیف آفتاب لب بام سوال شعر از من کرد غزلے کہ درآں روز ہا تازه گفتہ بودم خواندم آفرین کرد وگفت گاه گاہے می آمده باشی بارِ دگر بعد مدتِ یک ماه رفتم باز ہمیں صحبت شعر اتفاق شد خود ہم خواندم وہم مطالعۂ دیوان او کردم بازچوں بریں عرصہ پنج وشش ماه گذشت بسبب بیماری کہ صاحب بستر بود پا از حریر زندگانی بیروں کشید از روئے قیاس مدتِ عمرش از صد سال متجاوز خواہد بود نسبِ خود را بشیخ عبدالقادر گیلانی میرسانید وہم شیخ محمد علی حزیں را ہمشیره زادهٔ خود می گفت واللہ اعلم بالصواب [۱]

آصف، نظام الملک آصف جاه کہ وزیرِ اعظمِ ہندوستان بود پیرایۂ حالِ خود را بزیورِ فضل وکمال آراستہ داشت ونظم شعر را بجواب تریں وجہے سرانجام میرسانید واز ہمگناں گوے فصاحت وبلاغت می ربود، درابتداء موزونی طبع شاکر تخلص

---

[۱] آزموديم بہر رنگ بسے یاراں را | آں کہ دارد بوفا رابطہ، بسیار کم است
حسن شوخ تو چناں کرد فضا تنگ بگل | کہ نماند از عرق خجلت گل رنگ بگل
درچمن تا بہ تبسم شده لعلش دمساز | میزند غنچہ زرشک لب او چنگ بگل
محو تو شد بس کہ سراپاے من | آئینہ آمد بہ تماشاے من

روز روشن صفحہ ۷۸

میگذاشت و آخر ہا متخلص بہ آصف شد میر غلام علی آزاد بلگرامی در خزانۂ عامرہ این مطلعش را کہ بہ از مطلع آفتاب است بنام خانِ دوراں خان بہادر نوشتہ چوں بہ تحقیق پیوست نواب امیر الامرا با وصف آشنائی ہمہ چیز گاہے بگفتن شعر خیال نکردہ اصح ہمیں است کہ ایں شعر آصف جاہ است میر موصوف را بسبب شہرت زباں زدِ عوام غلطی واقع شدہ سلہ

سحر خورشید لرزاں بر سر کوئے تومی آید　　دلِ آئینہ را نازم کہ بر روے تومی آید

امید۔ قزلباش خاں امید مشہور است کہ مردِ مرزا مزاجے گذشتہ در علم سیاق مہارتِ تمام داشت و بموسیقی ہم علم یکتائی می افراشت و ازیں جہت است کہ او را بہ نعمت خاں بیدار بیگ سٰہ اتحاد روحانی بہم رسیدہ بود اکثر اوقات می گفت کہ اے نعمت خاں تو روزے کہ سازِ ہستی را بگوشہ ن خواہی نہاد واللہ کہ من ہماں روز تارِ قانونِ زندگی را از ہم خواہم گسیخت چنانچہ گویند کہ چوں خبر وفاتِ نعمت خاں بگوش او رسیدہ در باغِ محمد یار خاں نشستہ خربوزہ نوش جان میکرد دقاشِ خربوزہ ہمچناں در دہاں ماند کہ یک ناگاہ آہ سرد کشیدہ جاں بحق تسلیم نمود۔ سبحان اللہ زہے سبک روحی در ابتداء پارۂ نظم و نثر از صحبتِ نواب وحید الزماں مرزا محمد طاہر وحید آموختہ شدہ بود آخر با غزلے چند از نظرِ میر نجات نیز گذرانیدہ وا از روزیکہ بہ ہندوستان رسیدہ با وزیر الممالک نواب نظام الملک بہادر آصف جاہ تادم مرگ رفیق بودہ و منصب ہزار روپیہ را جاگیر داشت و معاش خوش میکرد

سلہ سال وفات ۱۱۶۱ھ شمع انجمن صفحہ ۸۰

سٰہ ن - گوشۂ نیستی۔

و با محتاجان و غریبان سلوکِ مختفی بسیار می نمود دیوانے از و بر صفحۂ روزگار است [۱]

آرزو - سراج الدین علی خاں اکبر آبادی موطن قدیم بزرگانش صوبۂ اودا است وازیں جہت سلسلۂ نسبش از جانب والد بزرگوارش شیخ کمال الدین ہمشیرہ زادۂ شیخ نصیر الدین چراغ دہلی واز طرف مادر شیخ محمد غوث گوالیاری صورت اختتام می پذیرد. و در سن یک ہزار و یک صد و یک از بطون قدم ببارگاہ ظہور گذاشتہ واوقات عزیز را از تحصیل علوم متداولہ مصروف داشتہ ہم از آغازِ بہار ریحان جوانی در گلستان ہمیشہ بہار کلام موزوں چوں بلبل خوش الحان لب بہ ترانہ سنجی کشودہ از خدمت میر عبد الصمد سخن استفادہ ہا نمودہ در عہدِ خویش از ہمگناں برآمدہ وازیں جہت از حضور بادشاہ دیں پناہ بخطاب ملک الشعرا سرافرازی یافتہ در ابتدا ملاقات از فرو طشدن صحبت یکدیگر با شیخ او را معارضہ بارو داوہ و تنبیہ الغافلین [تکذا ستنبہ] نوشتہ و ایں قصہ خود مشہور است چوں بنگ دیدہ شد ایں ہمہ شورش او برائے ظاہر بود و الا مرتبۂ شیخ را او ہم می فہمید - از تصانیفش شتر بار بر صفحۂ روزگار یادگار ماندہ ہمیشہ صحبت با اکابرِ امرا داشتہ در شاہجہان آباد تا بود بخوش معاشی اوقات

---

[۱] در سنہ تسع و خمسین و مایتہ والف (۱۱۵۹) در آنجا (دہلی) جہان فانی را وداع نمود

میر غلام علی آزاد گوید

خان سخن گستر سحر آفریں — رخت سفر بست ازیں خاکداں
سال وفاتش دل نالان من — یافتہ "جاں دادہ قزلباش خاں"
۱۱۵۹ھ

ایں چند بیت از دیوانش نقل افتاد سو

روشن شود بہ پیش تو چوں شمع سوز من — یک شب اگر تو ہم بہ نشینی بروز من
گشت روگردان ز بس آبادی از ویرانہ ام — چون کمان حلقہ بیرون شد درون خانہ ام
بدشمن دوست - با من سرگرانی بارہا گفتم — نمی خواہم چنین باشی تو می خواہی چناں باشد

[۲] اس کی صحیح قرأت سدا رنگ ہے یہ نعمت خاں کا خطاب تھا کا بھی ہے ممکن بطون

بسر میکرد - درایامیکہ بعد فوتِ موتمن الدولہ اسحق خاں شوستری و پسرش نجم الدولہ
کہ قدردان و معونت رسان او بودند باسالار جنگ برادرِ خورد نجم الدولہ اش اتفاق
افتاد ہمراہ او از شاہجہان آباد بارِ سفر بربست خود را بشہر آورد کہ وطنِ اصلیٔ بزرگانش
بود انداخت و بعدِ توقفِ چندے بوساطتِ نواب سالار جنگ بملازمتِ نواب شجاع
الدولہ بہادر رسیدہ بدرماہۂ سہ صدروپیہ عزِ امتیاز یافت و ہرگاہ پیمانۂ عمرش
قریب بلبریز شدن بود کہ بہ لکھنؤ رسیدہ نقدِ حیات درباخت - گویند در حالت
اختصار بود کہ یکے از مشتاقین آمدہ گفت کہ من از مدت آرزوے قدم بوسیٔ شما
داشتم گفت امروز "آرزوئے شما تمام می شود - الحاصل رحلتش دریک ہزار و یک
صد و شصت و نہ ہجری واقع شد، جسدش را در لکھنؤ امانت گذاشتہ بودند بعد
انقضائے ایام موعودیہ شاہجہان آباد بردند و بخاک سپردند [1]

آفریں - شاہ آفریں لاہوری کہ اسمش فقیر اللہ بود در معاصرینِ خویش شاعرِ
شیریں زبان و قائلِ فصاحت بیان گذشتہ مولدش دار السلطنتِ لاہور است
و مدفنش نیز ہماں خطۂ شریف - در سنہ یک ہزار یک صد و پنجاہ و چہار ہجری رحلت

---

[1] آرزو در جمادی الاخریٰ سنہ تسع و ستین و مائۃ والف (۱۱۶۹ھ) در بلدۂ لکھنؤ فوت
کرد و در ہمیں شہر مدفون گردید - مولف کتاب (غلام علی آزاد) گوید

سراج الدین علی خان یادرعصر	زمرگ او سخن را آبرو رفت
اگر جوید کسے سالِ وفاتش	بگو "آں جانِ معنی آرزو رفت
	۱۱۶۹ھ

انتخابِ کلام [2]

نماند ہیچ جز ہیچ اختیار مرا	سپردہ بدستِ تو روزگار مرا
غرض بے طاقتی دل بچہ انداز دہم	شکنیم شیشۂ دل تا بتو آواز دہم
چنیں کہ شمع زسر گوشی چو دم کردی	بخاطر تو ندانم چہ احتمال گذشت
شکستہ پا نشیں آرزو بگوشۂ صبر	کہ شاہ مملکت فقر چوں ثمر تنگ است

[2] سرو آزاد صفحہ ۲۲۷ تا ۲۳۱

اوست۔ اگرچہ بیشتر اشعارش بطرزیکہ در متاخرین رواج دادہ است دیدہ شد، امابعضے شواہدِ معانیش کہ از رنگِ تکلف سادہ و از غایتِ ہجوم کرشمہ دلفریبی را آمادہ بودند بہ نظر در آمدہ نیز دریں سادہ کارِ فرنگ صورت تحریر می باید لہ

احقر - مرزا سلطان حسین احقر نبیرۂ مرزا داراب بیگ جویا، مردِ فہیمدہ و سنجیدہ از نسق شعر آگاہ است اما گاہ گاہے خیال باشعر نیا وردہ چوں طبعش موزون است دریں آخر عمر رباعی و یک غزل برائے رفعِ معصیت و اشتد علائے زیارت عتبات از خامۂ فکرش بیروں تراویدہ برائے یادگار بقلم آمدہ ٣ه

آزاد - میر غلام علی آزاد تخلص الحسینی الواسطی البلگرامی، مولدش محلہ میدان پورہ واقع قصبہ، بلگرام در زمین پورب - مردے بافضل وکمال است نسبش بعیسیٰ موتم الاشبال بن زید شہید بن امام زین العابدین علیہ الصلوٰۃ والسلام منتہی میشود چنانچہ خود گوید۔

گرچہ باشد موتم الاشبال عیسیٰ جدِ من ۔۔۔ عیسی جاں بخش مراہم بامداو نفس (کذا)

معنی موتم الاشبال یتیم کنندہ شیر بچہ ہا چوں طبعش بشکار شیر بیشتر راغب بود بایں لقب ملقب گشتہ و نیز گفتہ

لہ حسن را در اضطراب آرد شکوہ عجز عشق ۔۔۔ شمع می سو دبخود از شوخی پروانہا
تجرد جبت قاطع بود صاحب کمالے را ۔۔۔ قبائے بیضہ برتن می درد مرغے کہ کامل شد
مرد حق محکوم ناداں گر شود بیقدر نیست ۔۔۔ عزت مصحف زدست اندازِ طفلاں کم نہ شد
نہالِ مہر و وفا تاچہ بار سے بندد ۔۔۔ بہارِ حسن ترا آفریں تماشائی است

سرو آزاد صفحہ ۲۰۵

٣ه یا شاہ نجف نہ سیم و زر می خواہم ۔۔۔ نے لعل نہ یاقوت و گہر می خواہم
خواہم کہ شود مدفن من کرب و بلا ۔۔۔ راز ہر دو جہاں ہمیں قدر می خواہم

روز روشن صفحہ ۳۲

مرا بہ تیغ ستم کشت وگفت از سرِ ناز   چراغِ دودۂ زیدِ شہید روشن شد

تحصیلِ علم خود را او در خزانۂ عامرۂ خود می نویسد کہ از پنج استاد است ، اول میر طفیل محمد[۴] کہ استاد در سبقش بود و دوم میر عبدالجلیل[۵] کہ پارۂ لغت وحدیث و سیر نبوی و فنون آداب از و یاد گرفتہ۔ سیوم میر سید محمد[۶] کہ عروض و قوافی و بعض فنونِ ادب از . استفادہ کرد۔ چہارم شیخ محمد[۷] حیات کہ در مدینۂ منورہ صحیح بخاری از و دریافتہ و اجازتِ صحاح ستہ وسائرِ مفرداتِ مولانا حاصل گشت۔ پنجم شیخ عبدالہادی طنطاوی طاب مضجعہ کہ در مکۂ معظمہ بعض فوائدِ علم حدیث از زبان مبارک بر لوح خاطرش نقش بست وبیعت بہ سید لطف[۸] اللہ بلگرامی کردہ، مرد سیاح وجہان دیدہ است از مدتِ مدید از وطن مولوف بر آمدہ در ختِ اقامت بہ اورنگ آباد انگندہ۔ و امرائے دکن او را از اکابرِ فقرا میدانند دیوانے عربی و فارسی و تذکرہ ، ید بیضا و سرو آزاد و خزانۂ عامرہ از تالیف اوست اما عربیش بر فنون دیگر ترجیح دارد۔ تصانیفِ او بہ لغتِ عرب تا بہ یمن رسیدہ و مقبول فصحا و بلغا گردیدہ[۹]

---

۴ در زمان مرخصی خال خود میر سید محمد شاعر بلگرامی نیابتاً خدمت میر بخشی و وقائع نگاری سیوستان (سیوہن سندھ) تا چہار سال انجام داد ند و در سنہ ۱۱۵۰ھ محمل سفر حجاز بستہ۔ آخر الامر چہاردہم ذی قعدہ سنہ ۱۲۰۰ھ بجوارِ رحمت آسودہ و در خلد آباد بجوار روضۂ خواجہ امیر حسن در عاقبت خانہ خود آرامید۔ سلطان عالم گیلانی مارہروی صاحب تذکرۂ حب الوطن تاریخ وفاتش (آہ غلام علی آزاد) یافتہ (فارسی بلگرام صفحہ ۲۹)

باشد گل بہار سخن یادگار ما   ایں لعل بے بہاست چراغ مزار ما

عیب مردم فاش کردن بدترین عیبہاست   عیب گو اول کند بے پردہ عیب خویش را

شیشہ ام بہر تہی ساختن قالبِ خود   قلقل اندوختہ ام ، خندہ کُن نزع من است

گفتم آں یارے کہ باشد شمع ایں محفل کجاست   آمد آوازے کہ در دل جو ، گفتم دل کجاست

میتواں ریخت عبیرے زغبار دامن   گر بہ گلگشت مزار شہدا می آئی

آگاہ - سید محمد خاں آگاہ تخلص برادرِ کلانِ نواب مختار الدولہ بہادر در وقت نواب آصف الدولہ بہادر چندے نائب صوبہ اودھ بود - مردِ ولایت زاد صوفی مذہب است از میر سلطان علی صاحب کہ صحبتش را دریافتہ تسبیح رسیدہ کہ اکثر اوقاتِ نطقش نشستہ و برخاستہ وخفتہ و بیدار بہ ذکر و شغل حاوی می نماید گاہ گاہے خیالِ شعر ہم میکند حالا در لکھنؤ میباشد، عمرش قریب بشصت خواہد بود۔

انجام - نواب عمدۃ الملک امیر خاں کہ انجام تخلص میکند - مقربِ خاقان خلف میر میران امیر خان یزدی کہ در عہدِ حضرتِ خلد مکاں ناظمِ صوبۂ کابل آں بزرگ بودہ جوانے بود یوسفِ مصرِ خوبی وگل سرسبدِ گلستان محبوبی شور مرزائی و رعنائی اش تمام ہندوستان را در گرفتہ ولطافت وظرافتِ طبع آویزۂ گوش روزگار گردیدہ ہمیشہ درکارِ بادشاہی مشیر وپیوستہ برمسندِ امارت دریائے کہ شیخ محمد علی حزیں ازاں دیار بہ شاہ جہاں آباد تشریف آوردند اول کسے کہ با تواضع سلوک ہائے نمایاں ہم از پیشِ خود وہم از طرف بادشاہ پیش آمد او بود۔ مولفِ تذکرۂ ریاض الشعراء والہ داغستانی می نویسد کہ اکثر دقائق سخن از فیض صحبتِ نواب عمدۃ الملک استفادہ کردہ ام غرض کہ بجمیع خوبیہائے ضائع آلہی ومظہرِ تجلیات نامتناہی گذشتہ چوں باوصف ایں ہمہ کمال در ہر فن دستِ رسائی داشت گاہ گاہے ہمت بصیدِ غزالان معنی نیز می گماشت[۱] بلکہ سوائے شعر از قسمِ تعبیر و معما ہم بسیار گفتہ۔

براوج بے کسیٔ ما پرِ ہما نرسد　　　رسیدہ ایم بجائے کہ کس بما نرسد

مارا ہوائے گلشن و باغے نماندہ است　　　اے بوئے گل برو کہ دماغے نماندہ است

یار احوالِ دل از من پرسید　　　غنچۂ لالہ بدستش دادم

ان برمسندِ امارت امیر - در بابے کہ ۲ (۱) گذاشت

اکسیر ۔ عظیمائے[۱] اکسیر تخلص موطن و مولدش. بجز ازیں کہ مردم ایرآن بود معلوم نیست در شعر خود را از شاگردان رفالیض ابہری کہ یکے از تلامذہٗ مرزا صائب علیہ الرحمۃ بود قرار می داد از ایران بیروں برآمدہ مدتے در دار الخلافہٗ شاہجہاں آباد استقامت داشت باآلاخر بہ بنگالہ رفت ہماں جا رخت حیات در نوشت[۲]

جلوہٗ آں سروِ قامت دیدہ ام　　　　من بچشم خود قیامت دیدہ ام

امین ۔ تخلص مرزا محمد امین خاں بہادر نیشاپوری سید مولوی پسرِ مرزا یوسف کور خواہرزادہٗ نواب سعادت[۲۱] خاں بہادر مرحوم است فقیر ہمراہ مرزا قتیل در شاہجہاں آباد روزے بخدمتش رسیدہ بود ظاہرِ حالش بجمیع فنون و فضائل آراستہ دید فارسی زبان خود زبانِ اوست ۔ سو

تا چند بدل ضبط کنم آہ و فغاں را　　　　وقت است کہ بیروں بکنم راز نہاں را

آذر ۔ لطف علی بیگ نام دارد و قومش شاملو و موطن و مولدش دار السلطنت صفاہان از بعض اہل زبان تحقیق پیوستہ کہ اصلش از ہرات بودہ و ازیں سبب است کہ پیوستہ باالہ وردی خاں شاملو ہراتی طریق رسل و رسایل مسلوک داشت بالجملہ مرزای مذبور در بلدہٗ صفاہان بقدرِ علوم رسمی تحصیل کردہ بسبب موزونیت شعر گفتن آغاز نہاد ۔ و در آں روز با تخلص محروم بود ۔ گویند خدائے عز و جل حسن و جمالے بادے کرامت کردہ بود کہ در تمام شہر ہمتائے خود نداشت روزے در مجلس وارد شد کہ مرزا محمد جعفر راہب و آغا محمد عاشق در انجا حاضر بودند عاشق از محروم سوال کرد کہ شما چہ تخلص میکنید گفت محروم و او نیز از عاشق استفسارِ تخلص کرد گفت عاشق، بعد ازاں مرزا جعفر التماس کرد کہ شما چہ تخلص می فرمایند گفت بندہ

---

(۱) اکسیر آغا عظمائی ۲۱ دوسرے نسخے میں مرقوم ہیں؟

[۲] در ہندوستان رسیدہ بلباس سپہ گری میگزرانید و دیوان و مثنوی او بہ رتبۂ قبول اساتذہ رسید (صبح گلشن صفحہ ۳۲) م.

عاشقؔ محروم - اہل مجلس ازیں لطیفہ بے اختیار خندہ زدند و محروم ازیں معنی بر آشفتہ چوں بخانہ عود نمود دیوان اولیش از کینہ در او جاغ گذاشت و تبدیل تخلص نمودہ متخلص بہ آذر شد و ہم چنیں از ہر جا تلاش نمودہ دیوان دوم راہبؔ را نیز بہ آتش سوزاند چوں مشیت ایزدی بریں رفتہ بود کہ علم استادیش بلند شود حق تعالٰی او را زبان و بیان عطا فرمودہ کہ در بست سہ سالگی کوس لمن الملکی در دار السلطنت صفاہان کوفت - روزے چند بقصدِ زیارت حرمین زادہما اللہ شرفاً از موطن برآمدہ بود از زیارت بافراغت حاصل کردہ بعد معاودت بآں طرف نمود از آں زماں تا امروز در صفاہاں رونق افزا است - اکثر شعرائے آں شہر از صحبت او مستفید اند سوائے آغا تقی صہبا و شاگرد انش ہمہ حلقہ شاگردیش بگوش کشیدہ اند و الحق کہ بعد آغا محمد عاشق و مرزا جعفر راہبؔ ذات شریفش از مغتنما روزگار است و سوائے شاعری از چند مدت اکثر علوم را نیز مداومت نمودہ از تصنیف اوست مثنوی در جواب معراج الخیال و یوسف زلیخا و دو دیوان غزل با قصائد و رباعی و مسمط ترجیح بند عمر شریفش نزدیک بہ شصت سال است [۱]

اشرف - صفاہانی در صفاہان از برائے آنکہ عرب است مرزا اشرف عامری گفتہ می شود رباعیٔ پاکیزہ از و بسمع رسیدہ [۲]

---

[۱] آمد شب و وقت یارب آمد | یارب چکنم دگر شب آمد
مرا عجز و ترا امید او دادند.... | ہر کس ہر چہ باید داد دادند
درد اکہ حریف راز دانم .... | حرفے زد و کرد بدگمانم
ایکہ گفتی بعد ازیں کار ترا خواہم ساخت | فکر دیگر کن کہ ہجراں کار خود را ساختہ

(آتش کدہ آذر صفحہ ۲۲۹)

[۲] میرزا اشرف اصفہانی اصلش از عرب و منشاش ملک ایران است -

ماہے کہ صباحت از جنبش می ریخت | مشک از سر زلف عنبرینش می ریخت
چوں شاخ شگوفہ دیدم از غارتِ باغ | می آمد و گل ز آستینش می ریخت

(روز روشن صفحہ ۴۹)

الفی - میرخان الفیؔ جوان خوش گوشت وخوش رو وبخدمتِ خواجہ میر دردؔ خیلے اعتقاد داشتہ بودہ است فقیر او را از دور دیدہ در روزے در شاہجہان آباد دار د مشاعرۂ فقیر نیز بود۔

انیس - موہن لعل انیسؔ، قوم کائیتھ بزرگانش قانون گوے پرگنۂ گوپاموٗ سرکارِ خیرآباد بودہ اند وخود نوکری پیشہ است از مرزا فاخر مکینؔ استفادۂ شعر ولوازمِ آن کردہ فقیر او را در لکھنؤ دیدہ بسیار بدل گرمی پیش آمدہ لہ

لہ نیکو لب ولہجہ وشریں کلام بود سو

نوبہار مرشک، گلگوں کرد　　رشک گلدستہ آستین مرا
چاک یکدست کرد، دست جنوں　　جیب ودامان وآستیں مرا

(صبح گلشن صفحہ ۴۷)

حرف الباء

بیخبر[۱۰] میر عظمت اللہ نام دارد خلف الصدق میر لطف اللہ عرف شاہ لدھا حسینی الواسطی مولدش بلگرام از شعرائے اہل تصوف بودہ و در فقر و فنا از اکثرے گوے سبقت ربودہ شاہجہان آباد در سنہ یکہزار و یک صد و و در حلت کردہ مزارش جوارِ مرقدِ سلطان المشائخ نظام الدین اولیا بداونی دہلی قدس سرہٗ واقع است، عارف اللہ بود۔

برکت[۱۱] برکت اللہ خاں نام دارد و قوم شیخ برادر زادۂ اسد یار خاں مرحوم

---

۱۰ وفاتش روز دوشنبہ بیست و چہارم ذی قعدہ ۱۱۴۲ھ در شاہجہان آباد اتفاق افتاد اورا در جوار مرقد سلطان المشائخ نظام الدین دہلوی مدفون ساختند۔

آنجا کہ قوی نہ راہ باشد نہ دلیل   نے نجم و مہرو ماہ گنجد نہ خلیل
در عرصۂ عشق پائے عاشق لنگ است   آرے نرسد بجائے احمد جبریل

(خزانۂ عامرہ / فارسی بلگرام صفحہ ۴۳)

۱۱ در بدیہہ گوئی ملکۂ نیکو داشت روزے شاہ عالم بادشاہ بر قلعۂ شاہجہان آباد معروف پتنگ بازی بود کہ برکت اللہ خاں باریاب گردید و حسب الامر این رباعی بابدیہہ معروض داشت و مبلغ دہ ہزار روپیہ نقد و خلعت فاخرہ در جائزہ یافت سو

تا سلسلۂ جہان بدستت دادند   اقبال و ظفر عنان بدستت دادند
معلوم شد ز رشتۂ کاغذ باد   سر رشتۂ آسمان بدستت دادند

روز روشن صفحہ ۹۳

وفات در ۱۲۳۲ھ (جام جمشید نما صفحہ ۱۳۵)

و معروف جوان خلیق و خوش اختلاط و خندہ رو و عمدۂ خاندان است چنانچہ شرافتِ خاندانش در شاہجہان آباد شہرت تمام دارد۔ بزرگانش در عہدِ فردوس آرام گاہ چنیں اقتدار داشتند وہم آثارِ بزرگی و عالیجاہی او از عمارات شکستہ ہنوز پیدا بقول عرفی ؎

از نقش و نگارِ در و دیوارِ شکستہ　　آثار پدیداست صنادیدِ عجم را

در اوائلِ شوق شعر خود را چندے بہ میر محمد حسین کلیم تخلص کہ در زبان ریختہ تصنیفاتِ جید دارد نمودہ و آخر آخر مشقِ سخن پیش از [1] اعجب اصفہانی کہ ذکرش برصدر گزشت بپختگی رسانید دیوانے ضخیم ترتیب دادہ از چند سال بہ فقیر رابطۂ آشنائی درستے دارد عمرش قریب بچہل خواہد بود۔

بہجت[2]۔ قوم کایتھ مکھن لال نام دارد زاد بومش خطۂ بلگرام شاگردِ عوض رائے مسرت شاہجہان پوری است کری گوش بحدے دارد کہ جواب و سوالش برلوحِ کاغذ نوشتہ میتواں کرد و در لکھنؤ ملاقات ایں بیچارہ ہم شدہ

بیتاب[3]۔ محمد حیات نام دارد و شاگردِ رائے سرب سکھ دیوانہ مولدش

---

[1] ن ۔ از سردار بیگ اعجب اصفہانی

[2] ذہین و طباع و خوش فکر بودہ در اوائل سنہ ۱۳۰۱ھ درگزشت دیوان فارسی از و یادگار است ؎

بہ تعظیم رقیباں تا بکے ہر بار می خیزم　　ہماں بہتر کہ من از بزم او زیں عار برخیزم

گر بود صبر رسد درد بدنداں روزے　　حیف در حیف کہ من صبر ندارم چہ کنم

فارسی بلگرام صفحہ ۵۱

[3] در ابتدا شاگرد محمد صدیق سخنور۔ زمانیکہ از وطن بہ لکھنؤ رسید چندے با رائے سرب سنگھ دیوانہ وبعدش با مرزا قتیل مشورۂ سخن می نمود بصلۂ قصیدہ کہ در مدح ابوالمظفر غازی الدین حیدر گفتہ بمشاہرۂ صد روپیہ ملازم بارگاہ شاہی گردیدہ واز حضور شاہی بجائے بیتاب امید تخلص یافت ؎

با رقیب آں آشنائی گریہ می آید مرا　　با منت ایں بیوفائی گریہ می آمد مرا

خانہ روشن ز سوزِ داغ من است　　داغ چشم من و چراغ من است

صد رخنہ در دلہا کند جنبیدن مژگان تو　　جانہا بغارت می برد یک دیدن پنہان تو

(روز روشن صفحہ ۱۱۱)

خطۂ بلگرام است درایامے کہ فقیر ہمراہِ غلام علی خاں ولد بھکاری خاں کہ مشاراً الیہ
از پیشگاہِ خلافتِ جہاں بانی خلعتِ نوازش شاہانہ برائے بندگان عالی وزیرالممالک
نواب آصف الدولہ بہادر و سرشٹن گورنر بہادر آوردہ بود درسنہ یک ہزار و
یک صد و نود و ہشت صعوبتِ سفر کشیدہ از شاہجہاں آباد در لکھنؤ رسیدہ و بعد
چندے بسبب برہمی، مزاج کہ تفصیل آں قضیہ دور دراز است از وجدا
شدہ خواستم کہ ہمراہ قافلہ شاہجہاں آباد عطفِ عنان کنم مرزا محمد حسن قتیل[۱]
کہ در آں روز ہا نوکرِ نواب بود نظر بر سوابق آشنائی نمودہ مرا ازیں ارادہ
باز داشتہ گفت مگر برائے بادیہ پیمائی آمدہ بودند حالا چندے باشید و سیر
ایں معمورہ ہم بکنید القصہ بمکان مشار الیہ بر و تار رختِ سفر را کشادہ فروکش
گردیدم بسیار بخلق و تواضع پیش آمدہ۔

بلیغ کہ حاجی قدرت اللہ نام دارد قوم شیخ متوطن پرگنہ میر محمد[۱] از اولاد
فخر الدین زاہد صاحب استعداد بلیغ است در علم نحو مستعد و صوفی مذاق۔
ساقی نامہ در جواب ساقی نامہ ظہوری گفتہ و شش، دیوان غزل تصنیف کردہ[۲]
بیدار میر محمدی[۳] بیدار از مشاہیر شعرائے ریختہ گو است گاہ گاہے فکر شعرِ فارسی
ہم کردہ و میکند[۴]

---

[۱] ن - از اولاد مخدوم محی الدین زاہد - [۱] ن - میر محمد

[۲] متوطن قصبہ اکدن سابق عم تخلص می کرد - صاحبِ دیوان فارسی چند سال شد کہ طرف کعبۃ اللہ
رفتہ بود شنیدہ می شود کہ الحال بطرف نواح دکن استقامت دارد طبقات الشعرا شوق صفحہ ۲۴۹

[۴] مرید مولانا فخر الدین چشتی دہلوی در ۱۷۹۲ء بمقام آگرہ انتقال کرد

فزود شعلہ صفت گریہ سوز داغ مرا	سرشک روغن بادام شد چراغ مرا
چناں بہ بادیۂ عشق گم شدم بیدار	کہ کس نیافت بجز درد او سراغ مرا
در انجمنے کہ غیر من نیست	گنجائش حرف ما و من نیست
کیست آں کافر بد کیش چہ گویم بیدار	آفتے بود کہ از دیدنش ایمانم رفت

(دیوان بیدار)

رخ نمودی و دلم بردی و شیدا کردی　　سنگ با شیشہ نہ کرد انکہ تو بلما کردی
دوستاں مجمع یاران شما ارزانی　　واگذارید بمن گوشۂ تنہائی را

باسطی ۔ کہ بندہ علی خاں نام دارد و مخاطب بشیر افگن خاں نبیرۂ دختری نواب شیر افگن خان پانی پتی و پسر نواب عزت خاں و داماد روشن الدولہ کہ سلسلۂ ایشاں منتہی مشہور بہ سید نعمت اللہ ولی مولدش دار الخلافہ شاہجہان آباد است اوایل عمر کتب فارسی را بطور بزرگ زادگان پیش یکے از دانشمند استفادہ نمودہ چوں موزونیت جبلی داشت واکثر بہ شعر گفتن مشغول مے بود بخدمت استاد فاضل و شاعر کامل میر محمد افضل ثابت الہ آبادی کہ اصلش از اکبرآباد است غزلہائے خود را برائے اصلاح می فرستاد و نگین مہرش ایں مصرعہ کندہ بود۔ مصرعہ

شیر افگن خاں مرید ثابت است

